Sociology - FA Part 2 Sociology Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Test

Q1. قومی یکجہتی میں قومی تہواروں کی اہمیت بیان کریں.

Ans 1: قومی تقریبات میں 23 مارچ ، 14 اگست، 6 ستمبر، 11 ستمبر، اور 25 دسمبر شامل ہیں. ان دنوں میں جو تقریبات منائی جاتی ہیں ان کو چاروں صوبوں میں برابر اہمیت دی جاتی ہے. ہارس اینڈ کیٹل شو لاہور ہر سال چاروں صوبوں کی ذیلی ثقافتوں کی جھلکیاں پیش کرتا ہے. جس سے ذیلی ثقافیں ایک دوسرے کے قریب نظر آتی ہیں.

Q2. قومی یکجہتی میں میڈیا کا کردار بیان کریں.

Ans 1: زرائع ابلاغ میں معلومات و خبر پہنچانے کے طریقے و آلات شامل ہیں. ان میں ٹیلی فون، تار، ریڈیو، ٹی وی، ڈاک، اخبار، رسالے ، کتب شامل ہیں. ان کے زریعے صوبوں کےافرد کے مابین معاشرتی تعلق نہایت آسان ہے اور ایک ہی پروگرام کے زریعے تمام افراد کو یکساں طور پر متاثر کیا جاتا ہے.

Q3. فرقہ واریت پر قابو پانے کےلیے دو تجاویز دیں.

Ans 1: 1- فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ فرقہ واریت کو ہوا دینے والے فرقوں سے سختی سے نمٹا جائے.

Ans 2: 2- فرقہ واریت کو ہوا دینے والے لڑیچر اور کتابوں پر بین ہونا چاہیے

Q4. سماجی تفاعل کی اقسام بیان کریں.

Ans 1: 1- جسمانی تفاعل -2 علامتی تفاعل

Q5. سماجی عمل کی تعریف بیان کریں.

Ans 1: " ایک یا چند افراد جب کسی ایسے فعل کو سر انجام دیں جس کا تعلق معاشرے کےافراد سے ہو سماجی فعل یعنی عمل کہلاتا ہے.

Q6. قومی یکجہتی میں سیاسی جماعتوں کا کردار بیان کریں.

Ans 1: قومی یکجہتی میں سیاسی جماعتیں بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں. مضبوط قومی اسمبلی کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے میں ایک مضبوط سیاسی جماعت موجود ہو جس کی قیادت ایک اولولاعزم اور غیر متنزل یا فراست شخصیت کرتی ہو. ایسی سیاسی جماعت کی جڑیں تمام صوبوں میں موجود ہوتی ہیں.

Q7. قوم اور معاشرہ میں کیا فرق ہے.

Ans 1: ایسا معاشرہ جو سیاسی طور پر خود مختار ہو قوم کہلاتا ہے.

Ans 2: لوگ جب کسی خاص جغرافیائی حدود میں رہتے ہوں اور معاشرتی زندگی کی ضروریات اپس میں پوری کرتے ہوں اور ان میں کوئی سیاسی نظام بھی پایا جائے معاشرہ کہلاتا ہے.

Q8. قؤمی یکجہتی میں قومی لباس کی اہمیت بیان کرین.

Ans 1: کرتہ، شلوار اور اس کے ساتھ شیروانی اگر ہو تو سرکاری دفاتر کا لباس ہے. عام حالات میں بھی صوبوں کے افراد میں کرتہ و شلوار کا استعمال بہت مقبول ہے جو قومی یکجہتی کے فروغ میں مشترک ہے.

Q9. قوم کی تعریف کریں.

Ans 1: "ایسے معاشرے جو سیاسی طور پر خؤد مختار ہوں قوم کہلاتے ہیں."

Q10. قومی یکجہتی میں جمہوریت کا کردار بیان کریں.

Ans 1: قومی یکجہتی میں جمہوریت کا کردار مسلم ہے. مضبؤط قومی اسمبلی کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے میں مخلص ، بے لوث اور وطن پرست سیاسی پارٹیاں موجود ہوں ان کے رہنما ملک و قوم کی فلاح کےلیے کام کریں. جمہوریت عوام کی حکومت ہوتی ہے. جمہوریت قوم میں یکجہتی پیدا کرتی ہے.